اشرف پرستی

روضہ اطہر اعلیٰحضرت مخدوم اعظم غوث عالم
سلطان العارفین، سلطان سید اشرف جہانگیر سمنانی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ (کچھوچھہ شریف)



از فقیر اشرفی صوفی سید گل اشرفی کچھوچھوی

Scanned by CamScanner

اشرفی انتساب پاک

بہ مُرشدِ کریم اعلیٰحضرت، عظیمُ البرکت، مخدومِ اعظم، غوثِ عالم،

تجلّی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

یادگار اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

آئینہ قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی

تاجدار مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

نازدار عَرَفْتُ رَبِّیْ بِرَبِّیْ

گلبہار فَنَا فِی الذَّاتِ ۝ فَنَا فِی الصِّفَاتِ ۝ فَنَا فِی اللّٰهِ ۝ بَقَا بِاللّٰهِ ۝

انوارِ مُتّصِف بِذَاتِ اللّٰهِ وَمُنَوَّرَ بِصِفَاتِ اللّٰهِ

اخلاقِ مصطفوی وارثِ انبیاء نائبِ رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جانشینِ امام علی بوئے مرتضیٰ جانِ فاطمہ گلشنِ امام حسن

خوشبوئے امام حسین نکہتِ زینب عظمتِ امام زین العابدین

نورِ چشم امام باقر لختِ دل امام جعفر زینتِ بارہ امام نازِ قلب

امام سیّد اسمٰعیل اعرج سکونِ غوث و خواجہ رفعتِ صابر و

قطب الدین و فرید الدین ارمانِ محبوبِ الٰہی ذوقِ سراج الدین
آئینۂ ہند دلدارِ مخدومُ المشائخ پیر روشن ضمیر علاء الحق و دین
عندلیبِ سیّد محمود نور بخشی گوہر سیّد و سُلطان عماد الدین رونقِ سیّد
و سُلطان ابراہیم سمنانی ماہِ ناز سیّدہ خدیجہ دلبر سیّد و سُلطان
اعرف مُرشدِ پاک نور العین نازشِ سیّدہ سُلطانہ خاتون
فخرِ امیرُ الاولیاء سیّد امیر اشرفی سُلطانُ العارفین، مخدومُ المخدومین
سرکارِ کلاں مخدومِ عالم سُلطانِ اکبر سیّد اشرف جہانگیر سمنانی
ثُمَّ کچھوچھوی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کچھوچھہ شریف، (انڈیا)

Scanned by CamScanner

فقیرِ اشرفی غلامِ چشتی گدائے جیلانی صوفی سیّد

کُل اشرف اشرفی جیلانی سمنانی کی تصنیفات

پہلی کتاب	متاعِ نجات (نعتِ پاک)	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۲ء دوسری بار
دوسری کتاب	بُوئے گل بنام دیوانِ اشرفی	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۵ء دوسری بار
تیسری کتاب	عطائے اشرف	سنِ اشاعت سنہ ۱۹۹۹ء
چوتھی کتاب	عطائے رسولِ اعظم	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۱ء
پانچویں کتاب	عرفانِ اشرفی	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۳ء
چھٹی کتاب	متاعِ نجات (منقبت شریف)	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۴ء دوسری بار
ساتویں کتاب	اشرفی گل	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۴ء
آٹھویں کتاب	اشرف پرستی	سنِ اشاعت سنہ ۲۰۰۶ء

Scanned by CamScanner

۱۱۸ ۷۸۶ ۱۲۸
۹۲
۱۱۰
۵۸۱

بھلی اشرف پرستی وہ جو دل کو ضوفشاں کردے مسلماں کو عطا کرتی ہے وہ شانِ مسلمانی

اشرف پرستی

سنِ اشاعت ... ... سنہ ۲۰۰۶ء

بہ اہتمام :- خاکپائے امیر الاولیاء
غلام احمد خاں اشرفی (دلّی شریف والے)

ہدیہ :- قیمت =/۲۵۰

ملنے کا پتہ

خانقاہِ اشرفیہ امیر الاولیاء امیر گنج، اشرف پور،
کچھوچھہ شریف، ضلع امبیڈکر نگر، یوپی (انڈیا)

Scanned by CamScanner

هوالاشرف ۲۵۱ — ۷۸۶/۹۲/۱۱۰ — ۵۸۱ هوالامیر

ترتیب

	صفحہ نمبر
اشرفی انتسابِ پاک	۱
حمدِ پاک = دل اپنا جلاؤنگا اللہ کو پاؤں گا	۲۶
نعت شریف = ازل سے زندگی اپنی بھی ہے فدائے رسول	۲۹
نعت شریف = شاہد خدا ہے مالک و مختار ہیں نبی	۳۱
اشرفی سلام = مصطفٰے سردار و سرور الصلوٰۃ والسلام	۳۴
اشرفی سلام = دافعِ رنج و بلا تم پہ کروڑوں سلام	۴۳
مرے یار تو سلامت مجھے تیری آرزو ہے	۴۶
ایک ساقی سے محبت ہوگئی	۴۸
اشرف کی ذاتِ پاک محبت کا ناز ہے	۵۱
کیا شانِ حقیقت ہے مخدوم کی گلیوں میں	۵۳
سر اپنا جھکاؤں گا مخدوم کو پاؤں گا	۵۶
تری شکل رُوبرو ہے میں تو رقص کر رہا ہوں	۵۹
کعبے کی آرزو ہے نہ بُت خانہ چاہئے	۶۱
دل اُن پہ نچھاور ہے فدا اُن پہ نظر ہے	۶۳

Scanned by CamScanner

حضور اشرفِ سمناں سے پیار کرتے ہیں	٦٥
مری زندگی کے مالک ترے دم سے ہر خوشی ہے	٦٧
دل میں ہے عشق تیرا مرے یار ہو کرم	٦٩
کس قدر اَوج پہ یہ میرا مقدر ہوتا	٧٣
جان لو اِس کو تبھی یار سے چاہت رکھنا	٧٦
دل کی حسرت ہے مرے یار تو آجا آجا	٧٩
کوئی دنیا میں نہیں ایسی سخاوت والا	٨١
مجھ سے بڑھ کر نہ کسی اور کی قسمت ہوتی	٨٣
میرا دل اور مری جان ہیں میرے دلبر	٨٥
زاہد تری تلاش ہے جاؤں حرم کے سامنے	٨٧
کیسا جمالِ یار ہے اللہ کی قسم	٨٩
عاشقوں کے دل سے پوچھو دلرُبائی یار کی	٩١
کتنا پیارا ترا دربار ہے میرے اشرف	٩٣
اک زمانہ ترا میخوار ہے میرے ساقی	٩٥
میرے ہونٹوں پہ سدا آپ کا افسانہ ہے	٩٧
خوشبو یہی ہے گُل یہی جانِ بہار ہے یہی	٩٩
کس بلندی پہ مقدر کا ستارا ہوتا	١٠١
زُلف دلکش ہے تو صورت بھی ہے روشن روشن	١٠٣

MUKHTAR ASHRAF LIBRARY
JAME A'TIRAF
DARGAH KICHHAUCHHA SHARIF
DIST. AMBEDKAR NAGAR-224150
U.P., INDIA

Scanned by CamScanner

حضور اشرفِ سمناں سے پیار کرتے ہیں	٦٥
مری زندگی کے مالک ترے دم سے ہر خوشی ہے	٦٧
دل میں ہے عشق تیرا مرے یار ہو کرم	٦٩
کس قدر اَوج پہ یہ میرا مقدر ہوتا	٧٣
جان لو اِس کو تبھی یار سے چاہت رکھنا	٧٦
دل کی حسرت ہے مرے یار تو آجا آجا	٧٩
کوئی دنیا میں نہیں ایسی سخاوت والا	٨١
مجھ سے بڑھ کر نہ کسی اور کی قسمت ہوتی	٨٣
میرا دل اور مری جان ہیں میرے دلبر	٨٥
زاہد تری تلاش ہے جاؤں حرم کے سامنے	٨٧
کیسا جمالِ یار ہے اللہ کی قسم	٨٩
عاشقوں کے دل سے پوچھو دلربائی یار کی	٩١
کتنا پیارا ترا دربار ہے میرے اشرف	٩٣
اک زمانہ ترا میخوار ہے میرے ساقی	٩٥
میرے ہونٹوں پہ سدا آپ کا افسانہ ہے	٩٧
خوشبو یہی ہے گُل یہی جانِ بہار ہے یہی	٩٩
کس بلندی پہ مقدّر کا ستارا ہوتا	١٠١
زُلف دلکش ہے تو صورت بھی ہے روشن روشن	١٠٣

MUKHTAR ASHRAF LIBRARY
JAME ASHRAF
DARGAH KICHHAUCHHA SHARIF
DIST. AMBEDKAR NAGAR - 224150
U.P. - INDIA

Scanned by CamScanner

جن سے اشرف قریب ہوتے ہیں	۱۰۵
اُنھیں کے قبضے میں دونوں جہاں کی حکمرانی ہے	۱۰۷
کرتے ہیں خود ملائکہ سرکار کو سلام	۱۰۹
سمجھ رہا ہوں مَیں ساقی ترے بہانے کو	۱۱۱
دل لگی ہی دل لگی میں یہ ہمارا دل گیا	۱۱۴
جسے دیکھو فدائے دلرُبا ہے	۱۱۶
قربان کروں قلب و جگر کیسا لگے گا	۱۱۹
بزم میں اُن کی تجلّی سے ہی گلباری ہے	۱۲۱
اُن پہ فدا ہے فصلِ بہاری	۱۲۴
خدا نے وہ بخشی ہے زندہ دلی	۱۲۷
اُنھیں کی یاد میں رونا مرے دل کی عبادت ہے	۱۳۰
آپ کی ذات ہے مظہرِ کبریا	۱۳۲
دونوں جہاں کے سرور عالم پناہ اشرف	۱۳۴
کرم کا گلستاں ہیں غوثِ کچھوچھہ	۱۳۸
مری زندگی کے مالک یہ ہے بس تری بڑائی	۱۴۰
غوثِ زمن وہ پیارے نبی کا بیٹا لگتا ہے	۱۴۲
ہم اشرفی ہیں چشتی سارا جہاں ہمارا	۱۴۴
دل کا تارا یہ نامِ اشرف ہے	۱۴۶

Scanned by CamScanner

تو میرا دل اور تو مری جاں	مَیں اشرفی ہوں مَیں اشرفی ہوں	۱۴۸
جان میری فدائے اشرف ہے		۱۵۰
تو جو بگڑی ہوئی قسمت کو سنوارے مخدوم		۱۵۳
گُلِ توحید کی نوری ضیا مخدومِ اعظم ہیں		۱۵۵
جہاں بھی دیکھتا ہوں جلوہ گر مخدوم اشرف ہیں		۱۵۸
مرے مخدوم کا جلوہ زمانے سے نرالا ہے		۱۶۰
بفیضِ احمدی ہے جلوہ گہہِ دربارِ مخدومی		۱۶۲
فروغِ دینِ رب شاہِ ہُدیٰ مخدوم اشرف ہیں		۱۶۴
نمایاں ہیں دل پہ یہ اَسرار اشرف		۱۶۶
غمِ دل کے درماں ہیں مخدوم اشرف		۱۶۸
عجب ہے غم کی طولانی مدد یا شاہِ سمنانی		۱۷۰
شانِ کردارِ اشرف نگاہوں میں ہے		۱۷۲
وسیلہ ہے تجھ کو ہی رحمانِ اشرف		۱۷۴
مری جان کی جان ہے شاہِ سمناں		۱۷۶
ترا دربار کیا دربار ہے دربارِ لاثانی		۱۷۸
سادات کے پھولوں کی خوشبو ہی نرالی ہے		۱۸۰
مرا دل اور میری جان اشرف		۱۸۲
مخدوم جہانی مورے ساجنا		۱۸۴

Scanned by CamScanner

جگر کے داغ عُریاں کر رہا ہوں	۱۸۶
ساغر و مینا میں لذّت ہو نہ میخانہ میں ہو	۱۸۸
نورِ باطن دیکھنے کو چشمِ ایماں چاہیئے	۱۹۰
مرے دل کی ہر فضا میں ہے ضیائے مصطفائی	۱۹۲
تو ہے اشرفِ زمانہ تو ہے سیّدِ جہانی	۱۹۴
کوئی میرے دل سے پوچھے تری شانِ پاکِ عالی	۱۹۶
کیسی ادا ہے روشن روشن کیا رُخ کی تابانی ہے	۱۹۸
صداقت کا گُلِ زیبا بہارِ دو جہاں تو ہے	۲۰۰
بلا کا میکدے میں ہے بلا نوش	۲۰۲
عجب شان ہے تیری دلگیر اشرف	۲۰۴
دربارِ اشرفی کی ضیا ہے ضیائے حق	۲۰۶
کتنی پیاری کتنی دلکش کتنی خوش انداز ہے	۲۰۸
شانِ ظاہر یہ کردارِ اشرف سے ہے	۲۱۰
درِ اشرف کی یہ جلوہ گری معلوم ہوتی ہے	۲۱۲
دیارِ ولی ہے دیارِ کچھوچھہ	۲۱۴
خوشبو میں نہائی یہ کچھوچھے کی زمیں ہے	۲۱۶
وہ آقا ہیں اور مَیں غلامِ کچھوچھہ	۲۱۸
اشرفی فریاد ۔ نگاہِ عنایت ہو مخدومِ اعظم	۲۲۰

Scanned by CamScanner

اشرفی فریاد ۔ بسوئے دلِ خستہ از بہرِ شبیر	۲۲۳
اشرفی فریاد ۔ شانِ تو غوثُ الوریٰ فریادرس فریادرس	۲۲۷
اشرفی فریاد ۔ چشمِ رحمت اشرفا فریادرس فریادرس	۲۲۹
اشرفی فریاد ۔ اشرفِ ہر دُو جہاں مخدومِ اعظم المدد	۲۳۷
اشرفی سلام ۔ جانِ جانانِ پیمبر الصلوٰۃ والسّلام	۲۴۰
اشرفی سلام ۔ اللہ کے دلاور اشرف سلام لے لو	۲۴۲
اشرفی سلام ۔ اشرفِ ہر دوسرا ہو آپ پہ لاکھوں سلام	۲۴۶
اشرفی سلام ۔ اشرفِ ہر دوسرا تم پہ کروڑوں سلام	۲۴۹
اشرفی عرس ۔ لو فصلِ بہار آئی کچھوچھے کی زمیں پر	۲۵۲
اشرفی عرس ۔ گلشنِ اشرف کھلا ہے عرس میں	۲۵۴
اشرفی عرس ۔ جام و مے ساغر و پیمانہ مبارک باشد	۲۵۸
اشرفی چادر ۔ مرے مولائے اکرم مہبطِ قرآن کی چادر	۲۶۰
اشرفی چادر ۔ مرے آقائے نعمت شاہِ انس و جان کی چادر	۲۶۲
اشرفی چادر ۔ زہے قسمت شہِ سمناں کی چادر لیکے آیا ہوں	۲۶۵
اشرفی جشنِ غسلِ پاک ۔ مخدوم پاک کی ہے عجب شان غسل میں	۲۷۱
اشرفی ترانہ ۔ شانِ تو غوثُ الوریٰ فریادرس فریادرس	۲۷۳
اشرفی گاگر ۔ فرشتو چوم لو یہ اشرفِ سمناں کی گاگر ہے	۲۷۹
اشرفی صندل ۔ تو زاہد دیکھ لے کیا ہے مزہ اشرف کے صندل میں	۲۸۱

Scanned by CamScanner

اشرفی چراغ ۔ تقدیر کو جگاتا ہے یہ اشرفی چراغ	۲۸۴
اشرفی نیر شریف ۔ ہے عجب مرتبہ اشرفی نیر کا	۲۸۶
اشرفی عدالتِ پاک ۔ جو ادب سے جھکتا ہے اشرفی عدالت میں	۲۸۹
اشرفی آستانۂ عالیہ ۔ مجھ سے نہ پوچھو ہے کیا اشرف کا آستانہ	۲۹۲
اشرفی نورانی سہرا ۔ ضیائے پنجتن سے پُر ضیا ہے اشرفی سہرا	۲۹۴
اشرفی پرچمِ پاک ۔ یہ ہے شہِ سمناں کا پرچم یہ پیرِ ہُدیٰ کا پرچم ہے	۲۹۷
اشرفی محفلِ سماعِ پاک ۔ کرے مست جو مری رُوح کو وہ غذا ہے بزمِ سماع میں	۲۹۹
اشرفی میلہ اور وِدائی ۔ جاتے ہیں درِ پاک سے مہمان تمہارے	۳۰۱
رشکِ جنت رُوئے روشن شاہ نور العین کا	۳۰۴
ہے کرامت پیاری پیاری شاہ نور العین کی	۳۰۶
سیّد و مُرشدِ ذیشان امیرِ اشرف	۳۰۸
محبوبِ کبریا ہے امیر اشرفی کی ذات	۳۱۰
آپ کی شان ہے دلگیر امیرِ ملّت	۳۱۲
نگاہ والوں سے پوچھو ہمارے پیر کی بات	۳۱۴
جمالِ رحمۃ اللعالمیں سیّد امیر اشرف	۳۱۶
امیرُ الاولیاء تم ہو امیرِ اصفیا تم ہو	۳۱۸
امیرُ الاولیاء محبوبِ داور کا گدا ہوں میں	۳۲۱
اگر کچھ ہوش ہو دل کو اُنھیں کی آرزو کیجے	۳۲۳

1652
MUKHTAR ASHRAF LIBRARY
JAME ASHRAF
DARGAH KICHHAUCHHA SHARIF
DIST. AMBEDKAR NAGAR 224145
U.P. INDIA

Scanned by CamScanner

جسے دیکھو وہی تم پر فدا ہے	۳۲۶
اللہ کی تجلّی ہے جلوہ آمیر کا	۳۲۹
شجرۂ عالیہ چشتیہ نظامیہ اشرفیہ	۳۳۳
شجرۂ عالیہ حُسینیہ بصریہ قادریہ جلالیہ منوّریہ اشرفیہ	۳۳۷
شجرۂ عالی نسب اعلیٰحضرت، عظیمُ البرکت، مخدومِ اعظم، غوثِ عالم، سالکِ مجذوب سُلطانِ اکبر سیّدا وحدالدین اشرف جہانگیر سمنانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ	۳۴۳
نسب نامہ عالیہ قادریہ اشرفیہ	۳۴۶
منظوم داستانِ حیاتِ پاک اعلیٰحضرت، عظیمُ البرکت، مخدومِ اعظم غوثِ عالم، امامُ الامامین سلطانِ اکبر سیّدا وحدالدین اشرف جہانگیر سمنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کچھوچھہ شریف (انڈیا)	۳۵۰
اشرف پرستی = نہ مجھ سے پوچھئے کیا ہے مزہ اشرف پرستی میں	۳۷۲

Scanned by CamScanner

بِاسْمِہٖ تَعَالٰے

بَرائے

هُوَاللّٰهُ فیض و برکت هَادیٔ اعظمؐ

کلامِ پاکِ ربّانیؐ (قرآنِ عظیم)

★ مقامِ اہلبیتِ رسُولِ اعظمؐ ★

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى

★ مقامِ اہلبیتِ رسُولِ اعظمؐ ★

ترجمہ۔ اے محبوب (رسولِ اعظم) تم فرماؤ میں اس پر (تبلیغ وہدایت پر) تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا مگر قرابت کی محبّت۔

★ مقامِ رسُولِ اعظمؐ ★

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ

★ مقامِ رسُولِ اعظم ★

ترجمہ = اے محبوب (رسول اعظم) فرما دیجئے کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو۔

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برائے

هُوَالْمُصْطَفٰی فیض و برکت رسولِ اعظم

حدیثِ پاک رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ یَمَنِنَا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَفِیْ نَجْدِنَا قَالَ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ یَمَنِنَا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَفِیْ نَجْدِنَا فَاَظُنُّہٗ قَالَ فِی الثَّالِثَۃِ ھُنَاكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِھَا یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطَانِ ۔

ترجمہ ۔ حضرت ابنِ عمر سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا

فرمائی اے اللہ تعالیٰ ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت دے۔ اے اللہ تعالیٰ ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت دے۔ حاضرین میں سے بعض نے عرض کی یا رسول اللہ آپ دعا فرمائیں کہ ہمارے نجد میں برکت ہو رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے دعا فرمائی کہ اے اللہ تعالیٰ ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت دے۔ اے اللہ تعالیٰ ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت دے۔ حاضرین میں سے بعض نے عرض کی یا رسول اللہ آپ دعا فرمائیں کہ ہمارے نجد میں برکت ہو میں (ابنِ عمر) سمجھتا ہوں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے تیسری بار میں فرمایا وہاں تو (نجد میں) زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہاں (نجد میں) شیطانی گروہ پیدا ہو گا۔

★ مقامِ اولیائے کرام ★

مَنْ عَادیٰ لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ ۝

(مشکوٰۃ شریف)

ترجمہ ★ مقامِ اولیائے کرام ★

جس نے میرے دوست سے دشمنی کی میں اُس کو اعلانِ جنگ دیتا ہوں۔

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برائے

ھُوَالْقَادِرُ **فیض و برکت** غَوثِ اَعْظَمُ

شعر۔ دلم ز حُبِّ محمّد پُرست آلِ مجید
گواہِ حالِ منست ایں ہمہ حکایاتم

ترجمہ۔ مَیں دلی طور پر محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم اور آپکی آل کی محبّت میں سیراب ہوں میرے اِس حال کے گواہ حالات و واقعات ہیں۔

شعر۔ کفایت ست زِ روحِ رسولِ اولادش
ہمیشہ دَر دُو جہاں جُملۂ مُہمّاتم

ترجمہ۔ بعد ازیں آپ کی اولادِ امجاد دو جہانوں میں ہر مشکل کے حل کے لئے کافی ہیں۔

شعر۔ ہرگز مبادا آنکہ بہشت آرزو کُنم
خود را بہ ہیچ بہر چہ بے آبرو کُنم

ترجمہ۔ مجھے ہرگز توفیق نہ ہو کہ مَیں بہشت کی خواہش کروں خدا نہ کرے

کہ کسی دوسری چیز کی وجہ سے اپنے آپ کو بے عزت کر دوں۔

شعر= بی تماشائے جمالت روضہ را ہامون کنم
حورِ عین از درون قصرہا بیرون کنم

ترجمہ = تیرے جمالِ نظارہ کے بغیر باغ و بہار کو ہموارِ زمین کر دوں گا۔ اور حوروں کو اُن کے مکانات سے نکال باہر کروں گا۔

شعر= گر تماشائے جمالِ حق نباشد در بہشت
برکنند مستانِ حضرت قصرہا را خشت خشت

ترجمہ = اگر جنت میں جمالِ یار کا منظر نہ ہوا تو مستانے لوگ بہشتی مکانات کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے۔

شعر= خلاصی گذر ہستی بایدت عاشق شوای محی
کہ اوّل گام در عشق پر پریان عدم باشد

ترجمہ = اگر اے غوثِ اعظم محی الدین دنیا سے رہائی درکار ہے تو عاشق بن جا۔ عشق کی پہلی سیڑھی پر بڑے بڑے خوبصورت لوگ نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔

(از اعلیٰحضرت عظیم البرکت غوثِ اعظم امام العارفین سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بغداد شریف (عراق)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برائے

ھُوَالْمُعِیْن فیض و برکت خواجۂ اعظم

ترجمہ

اے تو سلطان دارِ ملکِ وجود
اے بادشاہِ بحر و کرم مالکِ دو جہاں

ہمہ عالم طفیل تو مقصود
عالم سبھی طفیل سے تیرے ہے کامراں

مرکزِ محورِ وجود توئی
اس محورِ وجود کا مرکز تو ہی تو ہے

کہ تبو قائمست ہر موجود
قائم ترے ہی نور کی عظمت سے ہے جہاں

اوّل و آخری بجان و بہ تن
تن میں ہر اک کے اوّل و آخر تو ہی تو ہے

ظاہر و باطنی بحشمتِ وجود
ظاہر کہ باطناً ہے تیرا دبدبہ عیاں

اوّلت نام ازاں محمّد شد
اوّل لکھا ہے نام محمد کا عرش پر

کہ اُمّتت راست عاقبت محمود
امّت ہے جنکی نیک و انجام شادماں

Scanned by CamScanner

گر ملک سر کشد زِ خدمتِ تو
ہمچو ابلیس می شود مَردُود

گر سرکشی فرشتے کریں حکم سے ترے
مَردُود ہوں نہ راہ کبھی پائے بے گماں

می فرستد مُعیں دُرود بہ تو
حق تعالیٰ زِ من شود خوش نود

تجھ پر مُعین بھیجتا ہے دم بدم دُرود
تا حق تعالیٰ مجھ پہ ہمیشہ ہو مہرباں

از ۔ اعلیٰحضرت، عظیمُ البرکت، خواجۂ اعظم، خواجۂ خواجگاں امامِ چشتیاں سُلطانُ الہند سرکار سیّد حسن معین الدین غریب نواز اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اجمیر شریف (انڈیا)

Scanned by CamScanner

۷۸۶
۲۵۱ ـــــ ۵۸۱
۹۲
۱۱۰

هُوَالْاَشْرَفُ

بسم اللہ

مَخْدُوْمِ اَعْظَمْ

فیض و برکت

کَلَامُ الْاَشْرَفْ ـــــــــ اَشْرَفُ الْکَلَامْ

وصلِ تو چوں دست داد ملکِ جہاں گو مباش
لعل تو چوں حاصل است گوہرِ جاں گو مباش

ترجمہ: [وصل ترا جب ہوا ملکِ جہاں گو نہ ہو
لعل ہے حاصل ترا گوہرِ جاں گو نہ ہو

آیتِ حُسنِ ترا حاجتِ تفسیر نیست
صورتِ خورشید را شرح و بیاں گو مباش

ترجمہ: [آیتِ رُخ کو نہیں حاجتِ تفسیر ہے
صورتِ خورشید کی شرح و بیاں گو نہ ہو

صف شکنِ عاشقاں فتنۂ آخر زماں
غمزۂ ابروئے تُست تیر و کماں گو مباش

ترجمہ
صف شکنِ عاشقاں فتنۂ آخر زماں
غمزۂ ابرو ترا تیر و کماں گو نہ ہو

عاشق روئے تو نیست طالب دنیا و دیں
آرزوئے جاں توئی کون و مکاں گو مباش

ترجمہ
تیرے دیوانے نہیں طالبِ دنیا و دیں
آرزوئے جاں ہے تو کون مکاں گو نہ ہو

گردشِ گردوں اگر قطع شود گو بشو
حاصلِ فطرت توئی دورِ زماں گو مباش

ترجمہ
قطع جو ہو گردشِ گردوں تو پھر قطع ہو
حاصلِ فطرت ہے تو دورِ زماں گو نہ ہو

بے تو نیرزد جوی ہر چہ بود در جہاں
مایۂ جانہا توئی سود و زیاں گو مباش

ترجمہ
تیرے بنا دو جہاں جَو کے برابر نہیں
مایۂ جاں ہے تو ہی سود و زیاں گو نہ ہو

آتشِ عشق اربسوخت خرمنِ ما گو بسوز
اشرفؔ شوریدہ را نام و نشاں گو مباش

آتشِ اُلفت جلائے جو جلادے ہمیں
[اشرفِ دلگیر کا نام و نشاں گو نہ ہو

ہے شہِ سمناں کا در مجھکو بہارِ حیات
اشرفی گل کے لئے باغِ جناں گو نہ ہو

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَرَائے

فیض و برکت

ھُوَ الْاَمِیْرُ مُرْشِدِ اَعْظَمْ

کلامُ الاَمِیر امِیرُ الکلامْ

مخلوق کے ہادی ہیں خالق کے پیمبر ہیں
دَارین کے مالک ہیں کونین کے سرور ہیں

اک ہم ہی نہیں آقا منگتا ہیں ترے دَر کے!
پھیلائے کھڑے دامن لاکھوں ترے دَر پر ہیں

سب جنّ و ملک خطبہ پڑھتے ہیں ترے دم کا
جن بھی ترے خادم ہیں جبریل بھی نوکر ہیں

غیبوں کی اُنھیں کُنجی بخشی ہے مرے رب نے
وہ علم میں برتر ہیں وہ شان میں بہتر ہیں

Scanned by CamScanner

تعظیم محمدؐ کی قرآن سے ثابت ہے
وہ لوگ جو منکر ہیں شیطان سے بدتر ہیں

سرکار کو اپنا سا کہتے ہیں مَعَاذَ اللہ
یا آنکھ پہ پردہ ہے یا عقل پہ پتھر ہیں

توہینِ نبی جن کا شیوہ ہے امیر اشرف
ایمان سے خارج ہیں اسلام سے باہر ہیں



Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

فریاد بدرگاہِ عالم پناہ اعلیٰحضرت، عظیمُ البرکت، مخدومِ اعظم، غوثِ عالم

امامُ العارفین، سُلطانِ اکبر سیّد

اوحدُ الدّین اشرف جہانگیر سمنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کچھوچھہ شریف (انڈیا)

شانِ تو غوثُ الوریٰ فریاد رس فریاد رس

چشمِ رحمت اشرفا فریاد رس فریاد رس

عرشِ اعظم کی بھی خوشبو ہے ترے دربار میں

عشق کا تو ہے خدا فریاد رس فریاد رس

ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را رہنما

اشرفی گُل را ہُدیٰ فریاد رس فریاد رس

(از صوفی سیّد گل اشرفی کچھوچھوی)

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد شریف

بدرگاہِ

ربُّ العِزّت

دل اپنا جلاؤں گا اللہ کو پاؤں گا
مَیں ہستی مٹاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

محبوب کی چاہت ہی زینت ہے مرے دل کی
اُلفت سے سجاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

جلوہ گہہِ وحدت میں شامل ہو دوئی کیسے
مَیں خود کو ہٹاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

مرجانا محبّت میں معراج ہے عاشق کی
جاں اپنی لُٹاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

توحید کے جلووں سے کثرت کو جُدا کر کے
وحدت کو بساؤں گا اللہ کو پاؤں گا

Scanned by CamScanner

اِس راہِ محبت میں نہ ہونا ہی ہونا ہے
اپنے کو بُھلاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

پہچان میں اپنی ہی پہچان ہے مولا کی
اپنا پتا پاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

وہ مجھ میں ہے جلوہ گر مَیں آئینہ اُسکا ہوں
بھید اپنا مَیں پاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

لب پر ہے بیاں اُسکا آنکھوں میں ضیا اُسکی
دل اُس سے لگاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

معبود ہے میرا وہ مَیں شوقِ عبادت میں
دل اپنا جُھکاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

یاد آئے گا جب دلبر محبوب کی فرقت میں
مَیں دل کو رُلاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

دل یار کا مسکن ہے مَیں دل کے گلستاں کو
سجدوں سے سجاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

بُت خانہ و کعبہ میں دلدار کے جلوے ہیں
مَیں آنکھیں بچھاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

Scanned by CamScanner

ہر شے میں حقیقت کے انوار نمایاں ہیں
توحید سجاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

مَیں اُسکا پجاری ہوں مَیں اُسکا بھکاری ہوں
قربان مَیں جاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

دل اُس پہ تصدّق ہے اور روح نچھاور ہے
فرض اپنا نبھاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

یاد اُسکی عبادت ہے دید اُسکی توجنّت ہے
دل اُس پہ لُٹاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

اشرفؔ کی حقیقت تو جلوہ گہہِ وحدت ہے
مخدوم کو پاؤں گا اللہ کو پاؤں گا

عشقِ شہِ سمناں ہے عشقِ نبی عشقِ حق
عرس اُن کا مناؤں گا اللہ کو پاؤں گا

گل اشرفی آنکھوں میں دلدار کی صورت ہو
جلووں کو بساؤں گا اللہ کو پاؤں گا



حضرت، عظیم البرکت، رسولِ اعظم و نبیِ اعظم امام المرسلین و الانبیاء

رحمۃ اللعلمین

سرورِ کائنات، فخرِ موجودات سید

محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ شفیعِ روزِ محشر

صلی اللہ علیہ وآلہٖ بقدرِ حسنہٖ وجمالہٖ

مدینہ شریف (عرب)

ازل سے زندگی اپنی بھی ہے فدائے رسول
ہے سجدہ گاہ مرے دل کی نقشِ پائے رسول

جو مجھکو چاہئے لے لوں گا شاہِ طیبہ سے
وہ میرے داتا ہیں اور میں ہوں اک گدائے رسول

بلند و بالا تصور سے شانِ احمد ہے
مرے قلم سے بیاں کیسے ہو ثنائے رسول

نبی کا مرتبہ سمجھے گا کون عالم میں
ہے عرشِ نازِ الٰہی بھی زیرِ پائے رسول

Scanned by CamScanner

مرے حضور کے ہونٹوں پہ رَبِّ ھَبْلِیْ ہے
ہے کون جس پہ نہیں سایۂ عطائے رسول

ہمارے دل کے لئے وہ ہے تاجِ سُلطانی
جو اپنے سر کو بھی مل جائے خاکِ پائے رسول

نہ حور و غلماں مجھے چاہئے نہ باغِ اِرَم
مرے نصیب میں لکھدے خدا لقائے رسول

وہی تو مالک و مختار ہیں خدا کی قسم
ہر اک بشر کو جہاں میں ہے آسرائے رسول

معینؔ و اشرفؔ و غوثؔ و فریدؔ و قطبؔ و امیر
کوئی ہے بوئے علی اور کوئی ضیائے رسول

ہے مَنْ رَّاٰنِی کے فرمان سے یہی ظاہر
ہے عینِ ذاتِ خدا پرتوِ ضیائے رسول

ہے ناز اپنے مقدر پہ اشرفیؔ گل کو
سما گئی ہے مرے قلب میں ضیائے رسول

Scanned by CamScanner

نعتِ پاک ﷺ

رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شاہد خدا ہے مالک و مختار ہیں نبی
دونوں جہاں کے سیّد و سردار ہیں نبی

ہم مانگ کر جہاں سے کریں خود کو کیوں ذلیل
ہم آپ کے کرم کے طلبگار ہیں نبی

دنیا میں آخرت میں اُنھیں کا ہے آسرا
ہم غمزدوں کے مونس و غمخوار ہیں نبی

کچھ بھی سہی مَیں یار کے در کا فقیر ہوں
مَیں ناتواں ہوں میرے مددگار ہیں نبی

ہر درد و غم میں سیّدِ طیبہ کو تو پکار
عالم نواز ہیں شہِ ابرار ہیں نبی

Scanned by CamScanner

کعبہ انھیں کہوں کہ انھیں عرشِ حق کہوں
توحید کی ضیاء ہیں نمودار ہیں نبی

ہر لفظ باوضو ہے قلم ہے طواف میں
قربان آپ پر مرے اشعار ہیں نبی

مَیں مطمئن ہوں مجھکو کوئی خوف وغم نہیں
لَجپال ہیں نبی مرے ستّار ہیں نبی

ذرّہ ہیں، اپنے قدموں میں ذرّے کو دے جگہ
ہم کچھ ہیں تیرے غاشیہ بردار ہیں نبی

مَیں بندۂ وفا ہوں بھلا مَیں ہوں یا بُرا
مَیں خوش نصیب ہوں مرے دلدار ہیں نبی

جُرم وخطا پہ کس لئے گھبرائے اپنا دل
میرے کریم اور مرے غفّار ہیں نبی

سجدہ کروں تو کُفر نہ سجدہ کروں تو کُفر
اللہ کی عظمتوں سے پُر انوار ہیں نبی

ورنہ جہاں میں کون غریبوں کو پوچھتا
تیرے کرم سے قسمتیں گلزار ہیں نبی

Scanned by CamScanner

نعلینِ پاک اُنکی مرے سر کا تاج ہے
سو بار میں نثار مرے یا رسول نبی

ہر ایک کام میں تو وسیلہ تلاش کر
ہر مشکلوں میں اپنے مددگار ہیں نبی

سایہ فگن ہے اُس پہ ترا دامنِ کرم
غوثِ کچھوچھہ جس کے نگہدار ہیں نبی

گلؔ اشرفی ہے اشرفی دربار کا فقیر
کچھ مجھکو غم نہیں مرے غمخوار ہیں نبی

Scanned by CamScanner

اشرفی سلام

مصطفےٰ سردار و سرور الصلوٰۃ والسلام
ہو مرا سر آپ کا در الصلوٰۃ والسلام

شافعِ روزِ قیامت صاحبِ لطف و عطا
یا نبی فیضانِ داور الصلوٰۃ والسلام

اے علی جانِ پیمبر الصلوٰۃ والسلام
ربِ اکبر کے دلاور الصلوٰۃ والسلام

والدینِ شاہِ طیبہ والدینِ مرتضےٰ
اولیاءِ نازِ سرور الصلوٰۃ والسلام

مرحبا صد مرحبا ازواجِ پاکِ مصطفےٰ
کہہ رہا ہے قلبِ مضطر الصلوٰۃ والسلام

آفریں صد آفریں ازواجِ پاکِ مصطفےٰ
اے خدیجہ بوئے سرور الصلوٰۃ والسلام

Scanned by CamScanner

اللہ اللہ عظمتِ ازواجِ پاکِ مرتضیٰ
دلنوازِ دیدۂ تر الصلوٰۃ والسلام

پیارے ابراہیم و قاسم پیارے عبداللہ مرے
آلِ اطہارِ پیمبر الصلوٰۃ والسلام

مصطفےٰ کی لاڈلی ہو زوجۂ مولا علی
فاطمہ جانِ پیمبر الصلوٰۃ والسلام

اے حسن جانِ علی فخرِ نبی حسنِ خدا
فاطمہ زہرا کے دلبر الصلوٰۃ والسلام

کوچۂ حسنین میں ہوتی ہے بارش نور کی
نازنینِ ربِّ اکبر الصلوٰۃ والسلام

اے حسین ابنِ علی اے تاجدارِ کربلا
معرفت کے ماہ و اختر الصلوٰۃ والسلام

کم ہے ساری زندگی دنیا کرے ماتم ترا
اے حسین اے سبطِ اصغر الصلوٰۃ والسلام

دشمنوں نے تیر برسائے نہ سمجھا آپ کو
حیف صد محبوبِ داور الصلوٰۃ والسلام

Scanned by CamScanner

آپ کی ذاتِ منوّر ہے بنائے لا الٰہ
نازِ احمد فخرِ حیدر الصّلوٰۃ والسّلام

نوح کی کشتی کی صورت اہلبیتِ پاک ہیں
خاندانِ شاہِ برتر الصّلوٰۃ والسّلام

جسم ہے اُن کا بہتّر روح لیکن ایک ہے
کربلا کے ماہ و اختر الصّلوٰۃ والسّلام

کربلا کی خاک پر جُھکتی ہے عالم کی جبیں
پیارے آقا کے دلاور الصّلوٰۃ والسّلام

اے شہیدانِ محبت اے اسیرِ کربلا
اک نگاہِ لُطف ہم پر الصّلوٰۃ والسّلام

آفریں صد آفریں اے اہلبیتِ مصطفٰے
آپ ہیں نورانی گوہر الصّلوٰۃ والسّلام

نام نامی ضَو فشاں ہے آج تک عبّاس کا
اے علم بردارِ حیدر الصّلوٰۃ والسّلام

فیض کے انوار سے روشن ترا دربار ہے
سیّدہ زینب گلِ تر الصّلوٰۃ والسّلام

Scanned by CamScanner

سیّدہ زینب ترے در پر جھکائے ہوں جبیں
مَیں گدا تو شاہِ برتر الصّلوٰۃ والسّلام

اُمِّ کلثوم آپ کو دنیا نہ بھولے گی کبھی
زینتِ بُستانِ حیدر الصّلوٰۃ والسّلام

شہر بانو اور لیلےٰ کی بسی ہے دل میں یاد
نکہتِ بزمِ معطّر الصّلوٰۃ والسّلام

سیّدِ سجّاد و عابد اے اِمامُ الاولیاء
دین کے خورشیدِ انور الصّلوٰۃ والسّلام

آپ کی نوری ادا پر زندگی قربان ہے
عونؑ و مسلمؑ جانِ سرور الصّلوٰۃ والسّلام

پیارے ابراہیمؑ تم پر ظلم کا ٹوٹا پہاڑ
رُو رہی ہے دیدۂ تر الصّلوٰۃ والسّلام

خوں رُلاتی ہے شہادت مرتضیٰ کے لال کی
میرے قاسم میرے دلبر الصّلوٰۃ والسّلام

اے محمد اے علی اکبر علی اصغر مرے
تم پہ صدقے دیدۂ تر الصّلوٰۃ والسّلام

Scanned by CamScanner

لاڈلے زینب کے اے عونؑ و محمدؑ آپ ہیں
جاں نثارِ حُسنِ سرور الصّلوٰۃ والسّلام

لب پہ ہے کبریٰؑ کا چرچا دل میں ہے صغریٰؑ کی یاد
اے بہارِ باغِ حیدر الصّلوٰۃ والسّلام

یاد آتی ہے سکینہؑ کربلا کی بھوک پیاس
رونقِ بزمِ پیمبر الصّلوٰۃ والسّلام

سیّدہ صغریٰؑ سنا دیجے وہی خط کا بیاں
غمزدہ ہے دل کا منظر الصّلوٰۃ والسّلام

جان دیدی تم نے اے حُرؑ قدموں میں شبّیر کے
دل مرا تم پر نچھاور الصّلوٰۃ والسّلام

آپ کے سر پر منوّر ہے شہِ طیبہ کا تاج
نورِ زہرا پیارے باقر الصّلوٰۃ والسّلام

حُسنِ گلزارِ حقیقت اے اِماموں کے اِمام
بُوئے احمد پیارے جعفر الصّلوٰۃ والسّلام

پیارے اسمٰعیلؑ اعرج میرے دل کے ناز ہیں
ابنِ زہرا شاہِ برتر الصّلوٰۃ والسّلام

Scanned by CamScanner